# تِیمُتھِیُس
# کے نام پَولُسؔ کا پہلا خط

1 پَولُسؔ کی جانب سے، ہمارے مُنجّی خُدا اَور ہماری اُمّید المسیح
یِسوعؔ کے حُکم کے مُوافق المسیح یِسوعؔ کے رسول ہیں،
2 تِیمُتھِیُس کے نام خط جو ایمان کے لِحاظ سے میرا حقیقی بیٹا
ہے۔
خُدا باپ اَور ہمارے المسیح یِسوعؔ کی طرف سے تُمہیں فضل،
رحم اَور سلامتی حاصل ہوتی رہے۔

## تِیمُتھِیُس کو جھُوٹے اُستادوں کی مُخالفت کرنے کا فرمان

3 مَیں نے صُوبہ مَکِدُنِیہؔ جاتے وقت تُجھے نصیحت کی تھی کہ تُو
اِفِسُسؔ شہر میں رہ کر جھُوٹی تعلیم دینے والے بعض شَخصُوں کو تاکید
کر کہ وہ آئندہ اَیسا نہ کریں۔
4 اَور اُن فرضی داستانوں اَور بے اِنتہا نَسب ناموں کا لِحاظ نہ کریں
اِن سے ایمان پر مَبنی نَجات بخش الٰہی کام آگے نہیں بڑھتا لیکن محض
جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔
5 میرے اِس حُکم کا مقصد یہ ہے کہ سبھی مسیحی مُومِنین کے
اَندر ایک دُوسرے کے لِئے مَحَبّت پیدا ہو جو خُلوص دِل، نیک نیّت
اَور حقیقی ایمان سے پیدا ہوتی ہے۔

6 کچھ لوگ اِن سے کنارہ کرکے فُضول باتوں کی طرف مُتوجّہ ہو گئے
ہیں۔
7 وہ شَریعت کے مُعلّم بننا چاہتے ہیں، حالانکہ وہ جو باتیں کہتے
ہیں اَور جِن کا یقینی طور سے دعویٰ کرتے ہیں اُنہیں سمجھتے بھی نہیں
ہیں۔
8 ہم جانتے ہیں کہ شَریعت اَچھّی ہے بشرطیکہ اُسے صحیح طور پر
اِستعمال کیا جائے۔
9 ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ شَریعت راستبازوں کے لئے نہیں
بَلکہ بےشَرع لوگوں، سَرکشوں، بےدینوں، گُنہگاروں، ناپاک لوگوں،
ناراستوں اَور ماں باپ کے قاتلوں اَور خُونیوں،
10 اَور زناکاروں، لَونڈے بازوں، غُلام فروشوں، جھُوٹ بولنے والے،
جھُوٹی قَسمیں کھانے والے اَور اَیسے تمام کام ہیں جو اُس صحیح تعلیم
کے خِلاف میں ہیں،
11 اَور یہ پُرجلال خُوشخبری میں پائی جاتی ہے، جسے خُدائے مُبارک
نے میرے سُپرد کیا ہے۔

## پولُسؔ کے لئے خُداوؔند کا فضل

12 میں اَپنے خُداوؔند المسیح یِسوعؔ کا شُکر اَدا کرتا ہُوں جِس نے
مُجھے قُوّت عطا کی اَور وفادار سمجھ کر اَپنی خدمت کے لئے مُقرّر کیا۔
13 حالانکہ میں پہلے کُفر بکنے والا، لوگوں کو اِیذا دینے والا اَور
ایک ظالِم آدمی تھا، لیکن مُجھ پر رحم ہُوا کیونکہ مَیں نے نادانی اَور
بےاِعتقادی کی حالت میں یہ سَب کچھ کیا تھا۔

14 اَور ھمارے خُداوَند کا فضل اُس ایمان اَور محبّت کے ساتھ جو
المسیح یِسوعؔ میں ھے، مُجھ پر بہت کثرت سے ھُوا۔
15 یہ بات سچ اَور پُوری طرح قبُول کرنے کے لائق ھے کہ المسیح
یِسوعؔ گُنہگاروں کو نَجات دینے دُنیا میں آئے، جِن میں سَب سے بڑا
گُنہگار میں ھُوں۔
16 لیکن مُجھ پر اِس لِئے مہربانی ھوئی کہ المسیح یِسوعؔ مُجھ جَیسے
بڑے گُنہگار کے ساتھ تحمُّل سے پیش آئیں تاکہ میں اُن کے لِئے نمونہ
بَن سکوں جو المسیح پر ایمان لاکر اَبدی زندگی پائیں گے۔
17 اَب اَزلی بادشاہ یعنی اُس غَیر فانی، نادیدہ، واحد خُدا کی عزّت
اَور خُدا کی تمجید ھمیشہ تک ھوتی رہے۔ آمین!

## تِیمُتھِیُس کی ذمّہ داری

18 میرے بیٹے تِیمُتھِیُس! مَیں تُجھے یہ ھدایت اُن پیشن گوئیوں کے
مُطابق دے رھا ھوں جو تیرے بارے میں پہلے سے کی گئی تھیں، تاکہ
تُم اُن پیشن گوئیوں کو یاد رکھو اَور اَچھّی لڑائی لڑتے رھو۔
19 اَور ایمان اَور نیک نیّتی پر قائِم رھو۔ جِس کو دُور کرنے کے
سبب سے بعض لوگوں نے اَیسا ھی کیا اَور اُن کے ایمان کا جھاز غرق
ھو گیا۔
20 اُن ھی میں سے ہِمنیُسؔ اَور سِکندرؔ بھی ھیں جنھیں مَیں نے شیطان
کے حوالہ کر دیا تاکہ وہ کُفر بکنے سے باز رھنا سیکھیں۔

# 2

## عبادت سے متعلّق ھدایات

1 سَب سے پہلے میں یه اِلتجا کرتا هُوں که خُدا کے حُضُور میں
دَرخواستیں، دعائیں، سفارشیں اَور شُکرگُزاریاں سَب کے لِئے کی جائیں۔
2 بادشاهوں اَور سَب صاحبِ اِختیاروں کے لِئے بھی اِس غرض سے
که هم کمال دینداری اَور پاکیزگی سے اَمن اَور سلامتی کے ساتھ زندگی
بسر کر سکیں۔
3 یه بات همارے مُنّجی خُدا کے نزدیک خُوب اَور پسندِیده هے،
4 خُدا چاهتا هے که سارے اِنسان نَجات پائیں اَور سچّائی کی پہچان
تک پہُنچیں۔
5 کیونکه ایک هی خُدا هے اَور خُدا اَور اِنسانوں کے بیچ میں صِرف
ایک هی درمیانی هے یعنی المسیح یِسوعؔ جو اِنسان هیں،
6 جِس نے خُود کو سَب کی رِهائی کی خاطِر فدیه کے طور پر قُربان
کر دیا تا که اُن کی قُربانی کی مُناسب وقتوں پر ایک ثبوت کے طور پر
گواهی دی جائے۔
7 اَور اِسی مقصد کے لئے مُجھے مُنّاد، رسول اَور غَیریہُودیوں کو ایمان
اَور سچّائی کی باتیں سِکھانے والا اُستاد مُقرّر کیا گیا۔ میں جھُوٹ نہیں
بولتا، سچ کهه رها هُوں۔
8 پس میں چاهتا هُوں که هر جماعتوں کے مُومِن مَرد بغیر غُصّه اَور
تکرار کے، مُقدّس هاتھوں کو اُٹھا کر دعا کیا کریں۔
9 اِسی طرح میں چاهتا هُوں که خواتین بھی حیا دار لباس پہن کر
اَپنے آپ کو شرافت اَور شائِستگی سے آراسته کریں نه که بال گُوندھنے،
سونے یا موتیوں کے زیورات، یا بےحد قیمتی لباس سے،
10 بلکه وه اَپنے آپ کو نیک کاموں سے آراسته کریں جَیسا که

خُداپرست عورتوں کو کرنا مُناسب ہے۔
11 اِسی طرح خاتُون کو پُوری خاموشی اَور کمال تابِعداری کے ساتھ
سیکھنا چاہئے۔
12 میں عورت کو اِجازت نہیں دیتا کہ وہ تعلیم دے یا مَرد پر حُکم
چلائے بَلکہ خاموش رہے۔
13 کیونکہ پہلے حضرت آدمؔ کو خلق کیا، پھر بعد میں حوّاؔ کو۔
14 اَور حضرت آدمؔ نے فریب نہیں کھایا بَلکہ عورت فریب کھا کر
گُنہگار ٹھہری۔
15 لیکن خواتین اَولاد پیدا کرنے سے نَجات پائیں گی بشرطیکہ وہ
ایمان، مَحَبّت، پاکیزگی اَور پرہیزگاری کے ساتھ زندگی گُزاریں۔

# 3

## جماعت کے رہنما

1 یہ بات سچ ہے کہ جو شخص جماعت میں نگہبان کا عہدہ چاہتاہے
وہ اَچھّے کام کی خواہش کرتا ہے۔
2 لِہٰذا نگہبان کو چاہئے کہ وہ بے اِلزام، ایک بیوی کا شوہر،
پرہیزگار، خُود پر قابُو رکھنے والا، قابلِ اِحترام، مُسافر پرور اَور تعلیم دینے
کے قابل ہو۔
3 وہ شرابی اَور مارپیٹ کرنے والا نہ ہو، بَلکہ نرم مِزاج ہو، وہ
تکرار کرنے والا اَور زَر دوست نہ ہو۔
4 وہ اَپنے گھر کا بخُوبی بندوبست کرنے والا اَور اَپنے بچّوں کو بڑی
سنجِیدگی کے ساتھ تابع رکھتا ہو۔

5 کیونکہ اگر کوئی اَپنے ہی گھر کا بندوبست کرنا نہیں جانتا تو، وہ
خُدا کی جماعت کی خبرگیری کیسے کرے گا؟
6 وہ نَو مُرید نہ ہو، کہ تکبُّر کرکے کہیں وہ اِبلیس کی سی سزا نہ
پائے۔
7 اَور باہر والوں یعنی غَیر مسیحیوں میں بھی اُس کی اَچھّی گواہی
ہو، تاکہ کہیں اَیسا نہ ہو کہ کوئی اُسے ملامت کرے اَور وہ اِبلیس
کے پھندے میں پھنس جائے۔
8 اِسی طرح جماعت کے خادِموں کو چاہئے کہ وہ سنجِیدہ مِزاج
ہوں، دو رُخے، شرابی اَور ناجائز کمائی کے لالچی نہ ہوں۔
9 لازِم ہے کہ وہ صَاف ضمیر سے ایمان کی پُراسرار سچّائیاں اَپنے پاک
دِل میں محفوظ رکھیں۔
10 ضروُری ہے کہ اُنہیں پہلے آزمایا جائے، پھر اگر بے اِلزام نکلیں
تو ایک خادِم کے طور پر خدمت کا کام اُن کے سُپرد کیا جائے۔
11 ٹھیک اِسی طرح خواتین بھی قابلِ اِحترام، دُوسروں پر تہمت لگانے
والی نہ ہوں بَلکہ ہوش مند اَور ہر بات میں وفادار ہوں۔
12 خادِم ایک بیوی کے شوہر، اَور اَپنے بچّوں اَور گھروں کو اَچھّی
طرح سے بندوبست کرنے والے ہوں۔
13 کیونکہ جو خدمت کا کام بخُوبی اَنجام دیتے ہیں، وہ اَپنے لئے
اَچھّا مرتبہ اَور اُس ایمان میں جو المسیح یِسوعؔ پر ہے، بڑی دِلیری حاصل
کرتے ہیں۔

## حضرت پَولُسؔ کی ہدایات کی وجہ

14 مَیں تیرے پاس جلد ھی آنے کی اُمّید کر رھا ھُوں، پھر بھی تُجھے
یہ باتیں لِکھ رھا ھُوں،
15 تاکہ اگر مُجھے آنے میں دیر ھو جائے تو، تُجھے مَعلُوم ھو کہ خُدا
کے گھر میں، یعنی زندہ خُدا کی جماعت میں جو حق کا سُتون اَور بُنیاد
ھے، لوگوں کو اُس کے ساتھ کِس طرح پیش آنا چاھیے۔
16 اِس میں کوئی شک نہیں کہ حقیقی دینداری کا سرچشمہ عظیم
ھے یعنی:

وہ جو جِسم میں ظاھر ھوئے،
اَور پاک رُوح کے وسیلہ سے صادق ٹھہرے،
اَور فرشتوں کو دِکھائی دئیے،
غَیریہُودیوں میں اُن کی مُنادی ھُوئی،
اَور ساری دُنیا میں لوگ اُن پر ایمان لائے،
اَور خُدا نے یِسوعؔ کو اَپنے ساتھ رھنے کے لِئے جلال میں آسمان
پر اُٹھالیا۔

## 4

1 پاک رُوح صَاف طور پر فرماتا ھے کہ آنے والے دِنوں میں بعض
لوگ مسیحی ایمان سے مُنہ موڑکر گُمراہ کرنے والی رُوحوں اَور شَیاطِین
کی تعلیمات کی طرف مُتوجّہ ھونے لگیں گے۔
2 یہ باتیں اُن جھُوٹے آدمیوں کی ریاکاری کے باعث ھوں گی جِن
کا ضمیر گویا گرم لوھے سے داغا گیا ھو۔

3 یہ لوگ بیاہ کرنے سے منع کرتے ھیں اَور اُن بعض کھانوں سے
پرھیز کرنے کا حُکم دیتے ھیں جنہیں خُدا نے اِس لِئے پیدا کیا ھے کہ
مُومِنین اَور حق کو جاننے والے اُنہیں شُکر گُزاری کے ساتھ کھائیں۔
4 کیونکہ ھر چیز جو خُدا نے بنائی ھے، اَچھّی ھے، اَور کوئی چیز
اِنکار کے لائق نہیں، بشرطیکہ شُکر گُزاری کے ساتھ کھائی جائے۔
5 کیونکہ اُسے خُدا کے کلام اَور دعا سے مُقدّس کیا گیا ھے۔
6 اگر تُو بھائیوں اَور بہنوں کو، یہ باتیں یاد دِلائے گا تو المسیح یِسوعؔ
کا عُمدہ خادِم ٹھہرے گا اَور ساتھ ھی اُس ایمان اَور اَچھّی تعلیم سے
پرورِش پائے گا جِس پر تُو عَمل کرتا آیا ھے۔
7 لیکن اُن فُضول قِصّوں اَور کہانیوں سے کَنارہ کرجو بُوڑھی عورتوں
کی زبان پر رھتی ھیں اِن کی بجائے خُدا پرستی کی زندگی گُزارنے کے
لِئے خُود کی تربِیّت کر۔
8 کیونکہ جِسمانی مشقّت سے تھوڑا فائدہ تو ھوتاھے لیکن خُدا پرستی
سَب چیزوں کے لِئے فائدہ مند ھوتی ھے کیونکہ اِس میں نہ صِرف
مَوجُودہ زندگی کا بَلکہ مُستقبِل زندگی کا وعدہ بھی مَوجُود ھے۔
9 یہ بات سچ ھے اَور ھر طرح سے قبُول کرنے کے لائق ھے۔
10 اِس لِئے ھم سخت محنت اَور کوشش کرتے ھیں کیونکہ ھم نے
اَپنی اُمّید اُس زندہ خُدا پر لگا رکھی ھے جو سَب اِنسانوں کا مُنجّی،
خاص کر اُن کا جو مُومِنین ھیں۔
11 یہ باتیں سِکھا اَور اُن پر عَمل کرنے کا حُکم دے۔
12 کوئی بھی تیری جَوانی کی حقارت نہ کرنے پائے بَلکہ تُو ایمان

والوں کے لِئے گُفتگو، چال چلن، مَحَبّت، اِیمان اَور پاکیزگی میں نمونہ
بَن۔
13 جَب تک میں نہیں آ جاتا، وہاں میرے آنے تک تُو جماعت میں
پاک کلامِ کی تِلاوت کرنے، نصیحت کرنے اَور تعلیم دینے میں مشغُول
رہ۔
14 اَپنی اُس نِعمت سے غافل نہ رہنا جو تُجھے نبُوّت کے ذریعہ اُس
وقت مِلی تھی جَب بُزرگوں کی جماعت نے تُجھ پر ہاتھ رکھے تھے۔
15 اِن باتوں پر خاص طور سے غور کر۔ اَور اِن پر پُوری طرح عَمل
کر، تاکہ سَب لوگ تُجھے ترقّی کرتا دیکھ سکیں۔
16 اَپنے کِردار اَور اَپنی تعلیم پر نظر رکھ۔ اِن باتوں پر عَمل کِئے جا
کیونکہ اَیسا کرنے سے تو اَپنی اَور اَپنے سُننے والوں کی نَجات کا باعث
ہوگا۔

# 5

## بِیوہ، بُزرگ اَور غُلام

1 کسی عمر رسیدہ شخص کو سختی سے نہ ڈانٹنا، بَلکہ اُسے اَپنا باپ
سمجھ کر نصیحت دے اَور جَوانوں کو بھائیوں کی طرح سمجھا۔
2 اَور بُزرگ عورتوں کو ماں اَور جَوان خواتین کو پاکیزگی سے بہن
جان کر سمجھا۔
3 اُن بیواؤں کی جو سچ مُچ ضرورت مند ہیں، اُن کی مُناسب دیکھ
بھال کر۔
4 اَور اگر کسی بِیوہ کے لڑکے یا پوتے ہوں تو اُن کی پہلی ذمّہ داری
اَپنے گھر والوں کے تئیں اَپنا فرائض پہچانتے ہُوئے خُدا کا بندہ بننا

سیکھیں اِس طرح اَپنے والدین اَور دادا دادی کے حق اَدا کرنا سیکھیں
کیونکہ یہ خُدا کی نظر میں پسندِیدہ ہے۔
5 جو عورت واقعی ضرُورت مند بیوہ ہے اَور اُس کا کوئی نہیں ہے
اَور وہ خُدا پر اُمّید رکھتی ہے، اَور رات دِن خُدا کے ساتھ دعاؤں اَور
اِلتجاؤں میں مشغُول رہتی ہے۔
6 لیکن جو بیوہ عیّاشی میں زندگی گزارتی ہے وہ جیتے جی مُردہ ہے۔
7 اِن ہدایات کو لوگوں کو دے تاکہ کوئی اُن پر کھُلے عام اُنگلی
نہ اُٹھا سکے۔
8 جو شخص اَپنے عزیزوں کی، اَور خاص کر اَپنے گھرانے کی
خبرگیری نہیں کرتا، تو وہ ایمان کا مُنکر ہے اَور بےاِعتقادوں سے بھی
بدتر ہے۔
9 جِس بیوہ کی عمر ساٹھ بَرس سے زِیادہ ہو اُسی کا نام بیواؤں کی
فہرست میں درج کیا جائے اَور لازِم ہے کہ وہ ایک ہی شوہر کی
بیوی رہی ہو۔
10 اَور وہ نیک کام کرنے میں مشہُور رہی ہو، اَور اُس نے اَپنے
بچّوں کی تربیّت کی ہو، پردیسیوں کی مہمان نوازی کی ہو، مُقدّسین
کے پاؤں دھوئے ہوں، مُصیبت زدوں کی مدد کی ہو اَور ہر نیک کام
کرنے میں مشغُول رہی ہو۔
11 مگر جَوان بیواؤں کو اِس فہرست میں شامل نہ کرنا کیونکہ جَب
اُن کی جِسمانی خواہشات اُن پر غالب آتی ہیں تو وہ المسیح سے دُور
ہوکر پھر سے بیاہ کرنا چاہتی ہیں۔
12 یُوں وہ خُود عدالتی سزا کے لائق ٹھہرتی ہیں کیونکہ اُنہُوں نے
المسیح سے کیٔے گیٔے اَپنے پہلے عہد کو توڑ دیا۔

13 اِس کے علاوہ وہ کاھل ہو جاتی ھیں اَور گھر گھر پِھرتی رھتی
ھیں، وہ نہ صِرف کاھل بَن جاتی ھیں بَلکہ بَک بَک کرتی رھتی ھیں
اَور دُوسروں کے مُعاملوں میں دخل دیتی ھیں اَور فالتو باتیں کرتی رھتی
ھیں۔
14 اِس لِئے میں جَوان بیواؤں کو مشورہ دیتا ھُوں کہ وہ بیاہ کریں،
اُن کے اَولاد ھوں، اَور اَپنا گھر بار سنبھالیں اَور کسی مُخالف کو موقع
نہ دیں کہ وہ اُنہیں بدنام کرتا پھرے۔
15 اصل میں بعض بیوائیں گُمراہ ھوکر شیطان کی پیروی کرنے لگی
ھیں۔
16 اگر کسی مُومِن خاتُون کے گھر میں بیوائیں ھوں تو وہ اُن کی مدد
کرے تاکہ جماعت پر اُن کا بوجھ نہ پڑے تاکہ جماعت اُن کی مدد کر
سکے جو واقعی بے سہارا ھیں۔
17 جو بُزرگ جماعت کی رھنمائی کا کام اَچھّی طرح سے کرتے
ھیں، خاص کر وہ جو کلام سُناتے اَور تعلیم دیتے ھیں، اُنہیں دُگنی
عزّت کے لائق سمجھا جائے۔
18 کیونکہ کِتاب مُقدّس کا بَیان ھے، ”گاھتے وقت بَیل کا مُنہ نہ
باندھنا،“ اَور یہ بھی ”مزدُور اَپنی مزدُوری کا حقدار ھے۔“*
19 اگر کسی پاسبان پر اِلزام لگایا جاتا ھے تو دو یا تین گواھوں کے
بغیر تصدیق کِئے، اُن پر غور نہ کر۔
20 مگر گُناہ کرنے والے پاسبان کو سَب کے سامنے ملامت کر، تاکہ
دُوسرے اَیسی حرکت کرنے سے خوف کھائیں۔

---

* **5:18** اِست 4:25

21 مَیں خُداتعالیٰ اَور المسیح یِسوعؔ کو اَور برگُزیدہ فرشتوں کو گواہ
مان کر تُجھے تاکید کرتا ہُوں کہ اِن ہدایات پر بغیر تعصُّب اَور طرفداری
کِئے عَمل کرنا۔
22 کسی شخص کو مخصُوص کرنے کے واسطے اُس پر ہاتھ رکھنے
میں جلدی نہ کرنا اَور نہ دُوسروں کے گُناہوں میں شریک ہونا۔ اَپنے
آپ کو پاک رکھنا۔
23 آئندہ کو صِرف پانی ہی نہ پیا کر بَلکہ اکثر بیمار پڑنے اَور تیرے
معدہ کے ٹھیک نہ رہنے کے سبب سے تھوڑی سِی مَے[†] بھی پی لیا کر۔
24 بعض لوگوں کے گُناہ اُن کے عدالت مَیں حاضِر ہونے سے پہلے
ہی ظاہر ہو جاتے ہیں اَور بعض کے گُناہ بعد میں۔
25 اِسی طرح بعض لوگوں کے نیک کام بھی ظاہر ہو جاتے ہیں
مگر بعض نہیں ہوتے، لیکن وہ ہمیشہ تک چھپائے بھی نہیں جا سکتے۔

## 6

1 جتنے غُلام ابھی تک غُلامی کے جُوئے میں ہیں وہ اَپنے مالکوں
کو بڑی عزّت کے لائق سمجھیں تاکہ کوئی خُدا کے نام کی اَور ہماری
تعلیم کی توہین نہ کرے۔
2 لیکن جِن غُلاموں کے مالک مُومِن ہیں وہ اِس خیال سے کہ
اَب وہ اُن کے مُومِنین بھائی ہیں، اُنہیں حقیر نہ جانیں بَلکہ اُن کی اَور
زِیادہ خدمت کریں کیونکہ اَب اُن کی خدمت سے اُن کے عزیز مُومِنین
بھائیوں کو ہی فائدہ پہُنچے گا۔

† **5:23** مَے قدیم زمانہ میں مَے کا اِستعمال تریاق کی شکل میں کیا جاتا تھا۔

## جھُوٹے اُستاد اَور زردوست

تُو اُنہیں اِن ھی باتوں کی تعلیم دے اَور نصیحت کر۔
3 اگر کوئی شخص ھماری تعلیم سے فرق تعلیم دیتا ھے اَور ھمارے
خُداوؔند یِسوعؔ المسیح کی صحیح ھدایات کو اَور اُن کی تعلیم کو نہیں مانتا
جو خُداپرست زندگی کے مُطابق ھے،
4 تو وہ مغرُور ھیں اَور کُچھ نہیں جانتے۔ بَلکہ اُنہیں صِرف فُضول
بحث اَور لَفظی تکرار کرنے کا شوق ھے جِن کا نتیجہ حَسد، جھگڑے،
بدگوئی اَور بدزبانی ھے۔
5 اَور جِن سے اُن لوگوں میں تنازعہ پیدا ھوتا ھے جِس سے اُن کی
عقل بگڑ گئی ھے، اَور وہ حق سے محروم ھو گئے ھیں اَور خُدا پرستی
کو مالی نفع کا ذریعہ سمجھتے ھیں۔
6 ھاں اگر خُدا پرستی قناعت کے ساتھ ھو، تو بڑے نفع کا ذریعہ
ھے۔
7 کیونکہ ھم دُنیا میں نہ تو کچھ لے کر آئے ھیں اَور نہ کچھ اُس میں
سے لے جا سکتے ھیں۔
8 چنانچہ اگر ھمارے پاس کھانے کو کھانا اَور پہننے کو لباس ھے،
تو اُسی پر صبر کریں۔
9 جو لوگ دولتمند ھونا چاھتے ھیں وہ کئی طرح کی آزمائشوں پھندوں
اَور بےھُودہ اَور مُضِر خواھشوں میں پھنس جاتے ھیں جو لوگوں کو
تباھی اَور ھلاکت میں غرق کردیتی ھیں۔
10 کیونکہ زَر دوستی ھر قِسم کی بُرائی کی جڑ ھے اَور بعض لوگوں
نے دولت کے لالچ میں آکر اَپنا ایمان کھو دیا اَور خُود کو کافی اَذیّت

پہُنچائی ہے۔

## تِیمُتھِیُس کو آخِری ہدایات

11 مگر اَے مَرد خُدا! تُو اِن سَب باتوں سے بھاگ اَور راستبازی،
خُدا پرستی، مَحَبّت، صبر اَور نرمی کا طالب ہو۔
12 ایمان کی اَچھّی کُشتی لڑ، اَبدی زندگی کو تھامے رہ جسے پانے
کے واسطے تُجھے بُلایا گیا تھا اَور تُونے بہت سے گواہوں کے رُوبرو
بخُوبی اقرار بھی کیا تھا۔
13 خُداتعالیٰ کے نزدیک، جو سَب کو زندگی بخشتا ہے اَور المسیح
یِسوعؔ کو جِس نے پُنطِیُس پِیلاطُسؔ کے سامنے اَچھّی گواہی دی،
اِنہیں کو گواہ مان کر تُجھے تاکید کرتا ہُوں کہ
14 ہمارے خُداوندؔ یِسوعؔ المسیح کے دوبارہ ظاہر ہونے تک تُم اِس
حُکم کو بے داغ اَور بے اِلزام رکھو،
15 جسے خُداتعالیٰ اَپنے مُناسب وقت پر پُورا کرے گا، جو مُبارک اَور
واحد حُکمراں ہے، جو بادشاہوں کا بادشاہ اَور خُداوندوں کا خُداوندؔ
ہے،
16 بَقا صِرف اُسی کی ہے اَور اَیسے نُور میں رہتاہے جِس کے قریب
کوئی نہیں پہُنچ سَکتا، اُسے کسی اِنسان نے نہیں دیکھاہے اَور نہ دیکھ
سَکتا ہے۔ اُس کی عزّت اَور قُدرت ابدُالآباد رہے۔ آمین۔
17 اِس مَوجُودہ جہان کے دولتمندوں کو حُکم دے کہ وہ مغرُور نہ
ہوں، اَور ناپائیدار دولت پر نہیں بَلکہ خُدا پر اُمّید رکھیں، جو ہمیں سَب
چیزیں فیّاضی سے مُہیّا کرتا ہے تاکہ ہم مزہ سے زندگی گُزاریں۔

18 اُنہیں حُکم دے کہ وہ نیکی کریں اَور نیک کاموں کے لِحاظ سے
دولتمند بنیں، اَور سخاوت پر تیّار اَور دُوسروں کی مدد کرنے پر آمادہ
رہیں۔
19 اِس طرح وہ اَپنے لیٔے اَیسا خزانہ جمع کریں گے جو آنے والے
جہان کے لیٔے ایک مضبُوط بُنیاد قائِم کرے گی، تاکہ وہ اُس زندگی
کو جو اصل میں حقیقی زندگی ہے تھامے رہ سکیں۔
20 اَے تِیمُتھِیُس، اِس اَمانت کو جو تیرے سُپرد کی گئی ہے حِفاظت
سے رکھ۔ اَور جِس چیز کو علم کہنا ہی غلط ہے اُس پر توجّہ نہ کر
کیونکہ اُس میں بےہُودہ باتیں اَور اِختلافات پائے جاتے ہیں،
21 بعض لوگ اَیسے علم کا اقرار کرکے اَپنے ایمان سے برگشتہ ہو گئے
ہیں۔

تُم سَب پر خُدا کا فضل ہوتا رہے۔

# ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
Biblica Inc کےذریعہ تجارتی رجسٹرڈ اَور سند کی حُقُوق کے متحدہ ھائے ریاست اَور "Biblica"
جاتاہے۔ کیا اسیعمال ساتھ کے اجازت وہھیں۔ درج میں دَفتر نشان
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f